لیول

3



صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم

سیرتِ کوئز

ASSAS INSTITUTE

پیش لفظ

پیارے آقا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی سیرت طیبہ کو جاننا اور پڑھنا ہر مسلمان کے لیے بے حد ضروری ہے۔ خصوصاً آج کل کے بچوں کے دلوں میں آپ ﷺ کی محبت اُجاگر کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ اسی لیے ادارہ اساس انسٹیٹیوٹ نے پہلی سے پانچویں جماعت تک کے بچوں کے لیے آسان سوال و جواب پر مبنی سیرت کو ئز کتابچہ تیار کیا ہے۔ کتابچے کی خاصیت یہ ہے کہ اس میں سوال جواب کے ساتھ ساتھ حل طلب مشقیں بھی دی گئی ہیں۔

یہ نصاب ایس این سی حکومتِ پاکستان کے طے شدہ نصابی SLO's کے تحت ہر کلاس کے بچوں کی ذہنی سطح کے مطابق تیار کیا گیا ہے۔ جس میں ساتھ ساتھ آسان انداز میں اس کی تفہیم بھی کی گئی ہے۔ ہمیں پورا یقین ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے محبت سکھاتی ہوئی یہ سیرت کو ئز سیریز آپ کے بچے کی دنیا اور آخرت سنوارنے میں معاون ثابت ہوگی۔ ان شاءاللہ!

پروجیکٹ
اساس انسٹیٹیوٹ

ٹائٹل ڈیزائنگ
محمد صفتِ الٰہی

ڈیزائنگ
محمد کفیل

مرتب
ابنِ محمد محمود

پروف ریڈنگ
شگفتہ یاسمین

اشاعت
پہلی

سن اشاعت
نومبر/دسمبر 2025


بسم الله الرحمن الرحيم



سبق نمبر 01

حضرت محمد ﷺ کی حیاتِ طیبہ (قبل از بعثت)

حاصلاتِ تعلُّم:

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہوجائیں گے کہ:

- حضرت محمد ﷺ کے خاندان اور آپ ﷺ کی ولادت باسعادت، بوقت ولادت معجزات اور پرورش کے بارے میں جان سکیں۔
- نبی کریم ﷺ کے بچپن کے چیدہ چیدہ واقعات کے متعلق آگاہی حاصل کر سکیں۔
- حضرت ابوطالب کی آپ ﷺ سے محبت اور کفالت کے بارے میں جان سکیں۔
- نبی کریم ﷺ کے سفرِ شام کے دوران پیش آنے والے واقعات جان سکیں۔
- حلف الفضول جیسے اہم اور تاریخی واقعہ اور اس کی اہم شِقّوں سے واقف ہو سکیں۔

سبق نمبر

حضرت محمد ﷺ کی حیاتِ طیبہ (قبل از بعثت)

01

مختصر سوالات

سوال نمبر 1: حضور ﷺ کے دادا حضرت عبد المطلب کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: شیبہ۔

سوال نمبر 2: حضرت محمد ﷺ کا عقیقہ، پیدائش کے ساتویں دن کس نے منایا؟

جواب: عبد المطلب نے۔

سوال نمبر 3: جب آپ ﷺ کی ولادت ہوئی تو کیا ہوا؟

جواب: بے شمار معجزات ظاہر ہوئے۔

سوال نمبر 4: آپ ﷺ کی ولادت مبارکہ پر کیا معجزات ظاہر ہوئے؟

جواب: I۔ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کی والدہ پر ایک بادل ظاہر فرمایا۔

II۔ خانہ کعبہ کے تمام بت گر گئے۔

III۔ کسریٰ کے محل کے چودہ کنگرے گر گئے۔

IV۔ فارس کے آتش کدہ سے سرد پڑ گئے۔

سوال نمبر 5: اس دور میں عرب گھرانوں میں بچوں کو دائیوں کے حوالے کرنے کا رواج کیوں تھا؟

جواب: دودھ پلانے اور پرورش کے لیے۔

سوال نمبر 6: حضرت محمد ﷺ کو کب آپ ﷺ کے دادا نے حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کے حوالے کیا؟

جواب: ولادت کے چھ ماہ بعد۔

سوال نمبر 7: بارہ سال کی عمر میں آپ ﷺ کس کے ساتھ ملک شام گئے؟

جواب: حضرت ابو طالب۔

سوال نمبر 8: شام کے راستے میں کس نے حضرت محمد ﷺ میں نبوت کی نشانیاں بتائیں؟

جواب: عیسائی عالم نے۔

سوال نمبر 9: حضور ﷺ میں نبوت کی نشانیاں دیکھ کر عیسائی عالم نے حضرت ابو طالب سے کیا کہا؟

جواب "انہیں شام لے کر مت جائیں، ایسا نہ ہو کہ یہودی انہیں پہچان کر نقصان پہنچائیں"۔

سوال نمبر 10: عیسائی عالم کی بات سن کر حضرت ابو طالب نے کیا کیا؟

جواب: اپنا سامانِ تجارت وہیں فروخت کیا اور آپ ﷺ کو لے کر مکہ واپس آ گئے۔

سوال نمبر 11: حلف کا کیا معنیٰ ہے؟

جواب: قسم یا معاہدہ۔

سوال نمبر 12: قبیلہ قریش اور قبیلہ قَیس میں جب بڑی خونریز جنگ ہوئی تو آپ ﷺ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب: پندرہ سال۔

سوال نمبر 13: قبیلہ قریش اور قَیس میں ہونے والی جنگ کا کیا نام ہے؟

جواب: حَربِ فجار۔

سوال نمبر 14: حَربِ فجار کب لڑی گئی؟

جواب: اُن مہینوں میں لڑی گئی جس میں لڑنا حرام تھا۔

سوال نمبر 15: حَربِ فجار جیسی جنگوں سے بچنے کے لیے کیے گئے معاہدے کا کیا نام تھا؟

جواب: حلف الفضول۔

سوال نمبر 16: حلف الفضول کی خاص بات کیا تھی؟

جواب: اس معاہدے میں آپ ﷺ خود نفسِ نفیس شامل تھے۔

سوال نمبر 17: حضرت محمد ﷺ نے روزی کمانے کے لیے کون سا پیشہ اختیار کیا؟

جواب: تجارت۔

سوال نمبر 18: قریش کی ایک معزز اور مالدار خاتون حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے حضور ﷺ سے اپنا سامان تجارت شام لے جانے کی درخواست کیوں کی؟

جواب: آپ ﷺ کی دیانت اور ایمانداری کی وجہ سے۔

سوال نمبر 19: جب آپ ﷺ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا سامان تجارت لے کر مکہ مکرمہ گئے تو آپ ﷺ کے ساتھ کون تھا؟

جواب: حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا غلام میسرہ۔

سوال نمبر 20: آپ ﷺ کی کس عادت سے متاثر ہو کر حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے پیغامِ نکاح بھیجا؟

جواب: آپ ﷺ کی دیانت داری کی وجہ سے۔

سوال نمبر 21: حضرت محمد ﷺ کی نبوت سے کچھ عرصہ قبل خانہ کعبہ کی ازسرِنو تعمیر کیوں کی گئی؟

جواب: بارش کی وجہ سے خانہ کعبہ کی دیواروں کو شدید نقصان پہنچنے کی وجہ سے۔

سوال نمبر 22: حجرِ اسود کو دیوار میں رکھتے وقت لڑائی تک کیوں جا پہنچی؟

جواب: ہر شخص چاہتا تھا کہ یہ خدمت اس کے ہاتھ سے انجام پائے۔

سوال نمبر 23: خاندان قریش کے ایک معزز شخص نے کیا مشورہ دیا؟

جواب: "کل سب سے پہلے جو شخص خانہ کعبہ آئے گا وہ ثالث قرار دیا جائے"۔

سوال نمبر 24: دوسرے دن سب سے پہلے کون خانہ کعبہ میں آیا؟

جواب: حضرت محمد ﷺ۔

سوال نمبر 25: حضرت محمد ﷺ نے حجرِ اسود کی تنصیب کے وقت کس طرح لوگوں کو لڑائی سے بچایا؟

جواب: آپ ﷺ نے اپنی چادر بچھا کر حجرِ اسود کو اس میں رکھا، تمام سرداروں نے چادر کو اٹھایا اور آپ ﷺ نے حجر اسود اٹھا کر خانہ کعبہ کی دیوار میں نصب فرمادیا۔

سوال نمبر 26: معاہدہ کا نام حلف الفضول کیوں رکھا گیا؟

جواب: اس معاہدے کے قائم کرانے میں جن لوگوں نے کوشش کی تھی ان کے ناموں کے شروع میں لفظ فضل تھا۔

سرگرمیاں

1۔ درست لفظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

چھے ماہ، حربِ فجار، دیانت داری، بادل، عیسائی عالم۔

الف۔ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کی والدہ پر ایک ---------- ظاہر فرمایا۔

ب۔ حضور ﷺ کو ولادت کے ---------- بعد حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کے حوالے کیا گیا۔

ج۔ شام کے سفر میں ایک ---------- نے حضرت محمد ﷺ میں موجود، نبوت کی نشانیاں بتائیں۔

د۔ معاہدہ حلف الفضول ---------- جیسی جنگوں سے بچنے کے لیے کیا گیا۔

ہ۔ حضرت محمد ﷺ کی ---------- سے متاثر ہو کر حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے پیغامِ نکاح بھیجا۔

2۔ کالم ملائیں۔

کالم الف	کالم ب
شام کے دوسرے سفر میں حضور ﷺ کے ساتھ	دودھ پلانے اور پرورش کے لیے تھا۔
خانہ کعبہ کی دیواروں کو	بارش کی وجہ سے نقصان پہنچا۔
عرب میں بچوں کو دائیوں کے حوالے کرنے کا رواج	حضرت علی رضی اللہ عنہ کے والد حضرت ابو طالب تھے
12 سال کی عمر میں حضور اکرم ﷺ کے ساتھ سفر شام میں	حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا غلام میسرہ تھا۔
حربِ فجار، قبیلہ قریش	اور قبیلہ قیس میں لڑی گئی۔

3۔ درج ذیل میں سے درست جملے کے سامنے ☑ اور غلط کے سامنے ☒ کا نشان لگائیں۔

الف۔ حضور اکرم ﷺ کی پیدائش کے ساتویں دن ان کا عقیقہ دادا نے کیا۔ [ ]

ب۔ حضرت محمد ﷺ کی ولادت مبارکہ کے موقع پر آپ ﷺ کے والد پر معجزات ظاہر ہوئے۔ [ ]

ج۔ حربِ فجار کے وقت حضرت محمد ﷺ کی عمر مبارک پندرہ برس تھی۔ [ ]

د۔ حضرت محمد ﷺ نے روزی کمانے کی خاطر زراعت کا پیشہ اختیار کیا۔ [ ]

ہ۔ حضرت محمد ﷺ نے حجرِ اسود، چادر سے اٹھا کر خانہ کعبہ کی دیوار میں نصب فرمایا۔ [ ]

4۔ امام الانبیاء ﷺ کے والدین، دادا، چچا اور پہلی بیوی کے ناموں پر مشتمل ایک چارٹ بنائیں۔





سبق نمبر 02

حضرت محمد ﷺ کی صداقت وامانت اور حُسنِ معاملات

حاصلاتِ تعلُّم:

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہوجائیں گے کہ:

٭ صداقت، امانت اور حُسنِ معاملات کے معنٰی و مفہوم جان سکیں۔ ٭ نبی اکرم ﷺ کی صداقت، امانت اور حُسنِ معاملات کے بارے میں جان سکیں۔ ٭ پیارے نبی ﷺ کے حُسنِ اَخلاق کو جان کر اس پر عمل پیرا ہو سکیں۔ ٭ پیارے نبی ﷺ کی صداقت وامانت کے اثرات جان سکیں۔

٭ نبی کریم ﷺ کی سیرت پر عمل کر کے خود بھی سچے اور سچ کا ساتھ دینے والے بن سکیں۔ ٭ نبی کریم ﷺ کی سیرت و کردار کی پیروی روز مرہ زندگی میں کر سکیں اور دنیا و آخرت میں کامیاب ہو سکیں۔

سبق نمبر 02

حضرت محمد ﷺ کی صداقت وامانت اور حُسنِ معاملات

مختصر سوالات

سوال نمبر 01: صداقت کے لفظی معنیٰ کیا ہیں؟

جواب: سچائی۔

سوال نمبر 02: صداقت کا کیا مفہوم ہے؟

جواب: جو بات جیسی ہو، اس کو اسی طرح بیان کیا جائے۔

سوال نمبر 03: صداقت کے حوالے سے حضرت محمد ﷺ کی عادت مبارکہ کیا تھی؟

جواب: آپ ﷺ ہمیشہ سچ بولتے تھے۔

سوال نمبر 04: حضرت محمد ﷺ دوسروں کو کیا تعلیم فرماتے تھے؟

جواب: ہمیشہ سچ بولنے کی تعلیم فرماتے تھے۔

سوال نمبر 05: حضرت محمد ﷺ کے دشمن آپ ﷺ کی کس عادت مبارکہ کو مانتے تھے؟

جواب: آپ ﷺ کی سچائی کو۔

سوال نمبر 06: مکّہ مکرمہ کے لوگوں کو اسلام کی دعوت دینے کے لیے حضرت محمد ﷺ کہاں تشریف لے گئے؟

جواب: صفا نامی پہاڑی پر۔

سوال نمبر 07: حضرت محمد ﷺ نے صفا پہاڑی پر چڑھ کر مکّہ مکرمہ کے لوگوں سے کیا پوچھا؟

جواب: ”اگر میں آپ سے کہوں کہ پہاڑ کے پیچھے سے ایک لشکر مکّہ پر حملہ کرنے کے لیے آرہا ہے تو کیا آپ میری بات

مان لیں گے؟"

سوال نمبر 08: صفا پہاڑی کے قریب جمع مکّہ مکرمہ کے لوگوں نے حضرت محمد ﷺ کو کیا جواب دیا؟

جواب: "ہم ضرور مان لیں گے، کیونکہ آپ ﷺ ہمیشہ سچ بولتے ہیں"۔

سوال نمبر 09: ابوجہل کون تھا؟

جواب: ابوجہل، حضرت محمد ﷺ کا سب سے بڑا دشمن تھا۔

سوال نمبر 10: ابوجہل، حضرت محمد ﷺ کے بارے میں کیا کہا کرتا تھا؟

جواب: نعوذ باللہ آپ ﷺ کو جھوٹا نہیں کہتا۔ آپ ﷺ سچ بولنے والے ہیں۔ البتہ جو پیغام آپ ﷺ ہمیں دے رہے ہیں، اس کو نہیں مانتے۔

سوال نمبر 11: امانت کا کیا مفہوم ہے؟

جواب: امانت کا مطلب ہے کہ اگر کوئی شخص کسی کے پاس کوئی چیز رکھوائے تو اسی حالت میں اسے واپس کی جائے۔

سوال نمبر 12: امانت کا دوسرا مفہوم کیا ہے؟

جواب: اپنی ذمہ داری کو ٹھیک طرح سے نبھایا جانا، امانت کہلاتا ہے۔

سوال نمبر 13: مکّہ مکرمہ کے لوگ اپنی قیمتی چیزیں امانت کے طور پر کس کے پاس رکھواتے تھے؟

جواب: حضرت محمد ﷺ کے پاس۔

سوال نمبر 14: ہ مکّہ مکرمہ کے لوگ اپنی قیمتی چیزیں صرف حضرت محمد ﷺ کے پاس ہی کیوں رکھواتے تھے؟

جواب: آپ ﷺ ان کی چیزیں باحفاظت واپس کرتے تھے۔

سوال نمبر 15: مکہ مکرمہ کے لوگ حضرت محمد ﷺ کو "امین" کے لقب سے کیوں پکارتے تھے؟

جواب: آپ ﷺ کی امانت اور دیانت کی وجہ سے۔

سوال نمبر 16: ہجرتِ مدینہ کی رات آپ ﷺ نے مکہ مکرمہ کے لوگوں کی امانتیں واپس کرنے کے لیے کس کو حکم دیا؟

جواب: حضرت علی رضی اللہ عنہ کو۔

سوال نمبر 17: حضرت محمد ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مکّہ مکرمہ کے لوگوں کی امانتیں ان کے حوالے کرنے

کے علاوہ اور کیا حکم دیا؟

جواب: امانتیں واپس کر کے مدینہ منوّرہ آجانا۔

سوال نمبر 18: حضرت محمد ﷺ نے امانت کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا؟

جواب: ”جس شخص میں امانت داری نہیں، وہ صاحب ایمان نہیں ہوسکتا۔“

سوال نمبر 19: ”جس شخص میں امانت داری نہیں، وہ صاحب ایمان نہیں ہوسکتا“۔ یہ حدیث مبارکہ، حدیث کی کس کتاب میں موجود ہے؟

جواب: مُسندِ احمد، حدیث نمبر 5140۔

سوال نمبر 20: اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کس چیز کو مومنوں کی صفات میں سے ایک صفت قرار دیا ہے؟

جواب: امانت داری کو۔

سوال نمبر 21: حضور ﷺ کی اعلیٰ صفات میں سے دو صفات بتائیں؟

جواب: صداقت اور امانت۔

سوال نمبر 22: حضرت محمد ﷺ کے جانی دشمن کیوں آپ ﷺ کا احترام کرتے تھے؟

جواب: آپ ﷺ کی صفات صداقت اور امانت کی وجہ سے۔

سوال نمبر 23: حُسنِ معاملات کسے کہتے ہیں؟

جواب: زندگی کے تمام معاملات کو سچائی اور دیانت داری سے سرانجام دینا حُسنِ معاملات کہلاتا ہے۔

سوال نمبر 24: روزمرّہ کے معاملات میں حضرت محمد ﷺ کا کردار کیسا تھا؟

جواب: نہایت پاکیزہ اور اعلیٰ۔

سوال نمبر 25: حضور ﷺ نے تجارت میں کن کاموں سے منع فرمایا؟

جواب: ”قسمیں کھاکر، ناپ تول میں کمی کر کے، جھوٹ بول کر اور ملاوٹ کر کے مال فروخت کرنے سے۔“

سوال نمبر 26: تجارت میں کون سے کام حُسنِ معاملات کے خلاف ہیں؟

جواب: ”قسمیں کھاکر، ناپ تول میں کمی کر کے، جھوٹ بول کر اور ملاوٹ کر کے مال فروخت کرنا۔“

سوال نمبر 27: بازار میں حضرت محمد ﷺ نے ایک مرتبہ کیا دیکھا؟

جواب: ''ایک آدمی غلّہ فروخت کر رہا تھا آپ ﷺ نے غلّے کے ڈھیر کے اندر ہاتھ ڈال کر دیکھا، وہ غلّہ اوپر سے خشک لیکن اندر سے گیلا تھا۔''

سوال نمبر 28: ایک شخص کو حضرت محمد ﷺ نے بازار میں غلط طریقے سے غلّہ بیچنے پر کیا ارشاد فرمایا؟

جواب: ''جس نے دھوکہ دیا، وہ ہم میں سے نہیں''۔

سوال نمبر 29: ''جس نے دھوکہ دیا، وہ ہم میں سے نہیں'' یہ حدیث مبارکہ، حدیث کی کس کتاب سے لی گئی ہے؟

جواب: جامع ترمذی، حدیث نمبر:1315۔

سوال نمبر 30: کیا اسلام نے صرف تجارت میں ہی میں حُسنِ معاملات کی تاکید فرمائی ہے؟

جواب: جی نہیں! اسلام نے زندگی کے ہر معاملے حُسنِ معاملات کی تاکید فرمائی ہے۔

سوال نمبر 31: ہم معاشرے میں بگاڑ کیسے ختم کر سکتے ہیں؟

جواب: حضرت محمد ﷺ کے اسوہ حَسَنہ، صداقت اور امانت پر عمل کر کے۔

سوال نمبر 32: صداقت اور امانت پر عمل کر کے ہمیں کیا فائدہ حاصل ہو گا؟

جواب: امن وسکون کی زندگی گزار سکیں گے اور ہماری آخرت بھی اچھی ہو گی۔

سوال نمبر 33: ناپ تول کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کیا ارشاد فرمایا؟

جواب: ''اور انصاف کے ساتھ ناپ اور تول پورا کرو۔''

سوال نمبر 34: ہمارے معاشرے میں بگاڑ کس وجہ سے پیدا ہو گیا ہے؟

جواب: جھوٹ اور خیانت کی وجہ سے۔

سوال نمبر 35: ''اور انصاف کے ساتھ ناپ اور تول پورا کرو'' قرآن مجید کی کس سورت میں یہ حکم آیا ہے؟

جواب: سورۃ الانعام کی آیت 152 میں۔

سرگرمیاں

1۔ درست لفظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

(امانت داری، ہم، سچائی، ابوجہل، انصاف)

لف۔ ''اور ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے ساتھ ناپ تول پورا کرو''۔

ب۔ حضور ﷺ دوسروں کو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی تعلیم فرماتے تھے۔

ج۔ حضور ﷺ کا سب سے بڑا دشمن ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تھا۔

د۔ اللہ تعالیٰ نے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کو مومنوں کی صفات میں سے ایک صفت قرار دیا۔

ہ۔ ''جس نے دھوکہ دیا وہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں سے نہیں''۔

2۔ کالم ملائیں۔

کالم الف	کالم ب
حضور ﷺ نے مکہ کے لوگوں کو اسلام کی دعوت دینے کے لیے	آپ ﷺ کی سچائی کو مانتے تھے۔
امانت کا مطلب ہے اگر کوئی شخص ہمارے پاس کوئی چیز رکھوائے تو	سرانجام دینے کو حُسنِ معاملات کہتے ہیں۔
حضور ﷺ کے دشمن بھی	وہ چیز اسی حالت میں اسے واپس کی جائے۔
زندگی کے تمام معاملات کو سچائی اور دیانت داری سے	صفا پہاڑی پر اکٹھا کیا۔
جس شخص میں امانت داری نہیں،	وہ سچا صاحب ایمان نہیں ہوسکتا۔

3۔ درج ذیل میں سے درست جملے کے سامنے ☑ اور غلط کے سامنے ☒ کا نشان لگائیں۔

الف۔ صداقت کا مفہوم ہے جو بات جیسی ہو، اس کو اسی طرح بیان کیا جائے۔ [ ]

ب۔ حضور ﷺ کو سچائی کی وجہ سے "امین" کا لقب دیا گیا۔ [ ]

ج۔ اپنی ذمہ داری کو ٹھیک طرح سے نبھانا امانت کہلاتا ہے۔ [ ]

د۔ مکّہ مکرمہ کے لوگ اپنی قیمتی چیزیں امانت کے طور پر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس رکھوایا کرتے تھے۔ [ ]

ہ۔ حضور ﷺ کی دو اعلیٰ صفات امانت اور دیانت ہیں۔ [ ]

و۔ اسلام نے زندگی کے ہر معاملے میں حُسنِ معاشرت کی تاکید فرمائی ہے۔ [ ]

سوال 4: مختصر جواب دیں۔

(I) حضور ﷺ کی کون سی دو صفات کو اپنا کر جھوٹ اور خیانت سے بچا جا سکتا ہے؟

جواب: _____

(II) ہم زندگی میں امن وسکون کیسے حاصل کر سکتے ہیں؟

جواب _____



سبق نمبر 03

حضرت محمد ﷺ کی رواداری اور صبر و تحمل

حاصلاتِ تعلُّم:

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہوجائیں گے کہ:

- رواداری کا معنی و مفہوم جان سکیں۔
- رواداری کے حوالے سے حضرت محمد ﷺ کی تعلیمات جان سکیں۔
- رواداری جیسی عظیم قدر کو اپنی زندگی میں شامل کر سکیں۔
- صبر و تحمل کا معنیٰ و مفہو جان سکیں اور اس حوالے سے حضرت محمد ﷺ کے اسوۂ حسنہ کو جان سکیں۔
- پیارے نبی حضرت محمد ﷺ کی سیرت کے مطابق اپنی زندگی میں رواداری اور صبر و تحمل سے کام لے سکیں۔

سبق نمبر 03

حضرت محمد ﷺ کی رواداری اور صبر و تحمل

مختصر سوالات

سوال نمبر 01: رواداری کے لفظی معنیٰ کیا ہیں؟

جواب: برداشت کرنا۔

سوال نمبر 02: رواداری سے کیا مراد ہے؟

جواب: رواداری سے مراد کسی ایسی بات کو برداشت کرنا ہے جو ہمارے مزاج کے خلاف ہو۔

سوال نمبر 03: حضرت محمد ﷺ نے کیسے لوگوں کو اسلام کی دعوت دی؟

جواب: پیار، محبت اور نہایت عاجزی سے۔

سوال نمبر 04: کیا حضرت محمد ﷺ نے لوگوں کو اسلام کی دعوت دیتے ہوئے ان کے ساتھ زبردستی کی؟

جواب: جی نہیں! کسی کے ساتھ کسی قسم کی زبردستی نہیں کی۔

سوال نمبر 05: وہ کون سا وفد تھا جس کو حضرت محمد ﷺ نے اسلام کی دعوت دی وفد نے قبول نہیں کیا تھا؟

جواب: نجران کے عیسائیوں کا وفد۔

سوال نمبر 06: جب نجران کے عیسائیوں نے اسلام کی دعوت قبول نہ کی تو حضرت محمد ﷺ نے کیا کیا؟

جواب: ان پر کسی قسم کی زبردستی نہیں۔

سوال نمبر 07: حضرت محمد ﷺ نے مشرکوں، کافروں اور یہودیوں کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

جواب: اعلیٰ درجے کے حسن سلوک کا مظاہرہ کیا جس کی کوئی مثال نہیں ملتی۔

سوال نمبر 08: ایک مسلمان کے تھپڑ مارنے پر جب ایک یہودی نے آپ ﷺ سے شکایت کی تو آپ ﷺ کا ردعمل کیا تھا؟

جواب: آپ ﷺ نے مسلمان سے ناراضی کا اظہار کیا۔

سوال نمبر 09: اللہ تعالیٰ نے اسوۂ حسنہ اور صبر و تحمل کے بارے میں قرآن مجید میں کیا ارشاد فرمایا؟

جواب: ''اے ایمان والو! صبر اور نماز سے مدد لیا کرو، بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔''

سوال نمبر 10: اللہ تعالیٰ نے صبر اور نماز سے مدد لینے کا حکم قرآن مجید کی کس آیت میں فرمایا؟

جواب: سورۃ البقرہ، آیت نمبر: 153۔

سوال نمبر 11: اللہ تعالیٰ کے نبیوں اور رسولوں کو کس نے تکلیفیں دیں؟

جواب: ان کی اپنی ہی قوم نے۔

سوال نمبر 12: جب حضرت محمد ﷺ نے مکّہ کے کافروں کو اسلام کی دعوت دی تو ان کا ردعمل کیا تھا؟

جواب: انہوں نے حضور ﷺ کو اذیتیں دیں۔

سوال نمبر 13: حضور ﷺ نے کافروں کی طرف سے دی گئی تکلیفوں کے بارے میں کیا فرمایا؟

جواب: ''کسی نبی کو اتنی اذیتیں نہیں پہنچائی گئیں، جتنی مجھے پہنچائی گئیں''۔

سوال نمبر 14: تمام نبیوں میں سے حضرت محمد ﷺ کو سب سے زیادہ اذیتیں پہنچائے کا ذکر حدیث کی کس کتاب میں موجود ہے؟

جواب: جامع ترمذی، حدیث نمبر: 2472۔

سوال نمبر 15: خانہ کعبہ میں نماز ادا کرتے ہوئے کس شخص نے حضور ﷺ کی پشت پر اونٹنی کی اوجھری ڈال دی تھی؟

جواب: عقبہ بن ابی معیط۔

سوال نمبر 16: آپ ﷺ کی پشت پر اونٹنی کی اوجھری ڈالے جانے سے کیا ہوا؟

جواب: آپ ﷺ سجدے سے سر مبارک نہ اٹھا سکے۔

سوال نمبر 17: حضور ﷺ کی پشت سے اوجھری کس نے اٹھائی؟

جواب: عزت مآب آپ ﷺ کی بیٹی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا۔

سوال نمبر 18: پشت سے اوجھری ہٹائے جانے کے بعد حضور ﷺ نے کیا کہا؟

جواب: آپ ﷺ نے جواب میں کچھ نہیں کہا بلکہ صبر اور تحمل سے کام لیا۔

سوال نمبر 19: ہمیں مشکل حالات میں کیا کرنا چاہیے؟

جواب: صبر وتحمل اور رواداری سے کام لینا چاہیے۔

سوال نمبر 20: صبر وتحمل سے کیا مراد ہے؟

جواب: "خوشی، مصیبت، غم اور پریشانی کے وقت خود کو قابو میں رکھتے ہوئے اللہ اور رسول ﷺ کی مقرر کردہ حدود میں رہنا"

سوال نمبر 21: جب آپ ﷺ کا یہودی خادم بیمار ہوا تو کیا آپ ﷺ نے اس کی عیادت کی؟

جواب: جی ہاں! آپ ﷺ اس کی عیادت کیلئے اس کے گھر تشریف لے گئے۔

سوال نمبر 22: حضور ﷺ عیادت کے لیے اپنے یہودی خادم کے گھر کیوں تشریف لے گئے؟

جواب: شفقت اور رواداری کا مظاہرہ فرماتے ہوئے اس کی دل جوئی کے لیے۔

سوال نمبر 23: یہودی خادم کے گھر اس کی عیادت کے وقت آپ ﷺ نے اس کو کس بات کی دعوت دی؟

جواب: اسلام کی دعوت دی۔

سوال نمبر 24: کیا اپ کے یہودی خادم نے اپ ﷺ کی اسلام کی دعوت قبول کر لی؟

جواب: جی ہاں! اس نے حضور ﷺ کے اچھے سلوک کی وجہ سے اسلام کی دعوت قبول کر لی۔

سوال نمبر 25: حضور ﷺ کی یہودی خادم کی عیادت اور قبول اسلام کا واقعہ حدیث کی کس کتاب میں ہے؟

جواب: صحیح بخاری، حدیث نمبر: 1356۔

سوال نمبر 26: ہمیں صبر وتحمل سے کیوں کام لینا چاہیے؟

جواب: اسی میں دنیا وآخرت کی کامیابی ہے۔

سوال نمبر 27: دین اسلام میں رواداری سے کیا مراد ہے؟

جواب: دوسروں کے مذہبی عقائد، جذبات اور رسم ورواج کا لحاظ رکھنا اور ان کو برداشت کرنا۔

سوال نمبر 28: کسی غیر مسلم شہری کو ہلاک کرنے کے بارے میں حضرت محمد ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

جواب: ''جس نے کسی غیر مسلم شہری کو ہلاک کیا، وہ جنت کی خوشبو بھی نہ سونگھ سکے گا۔''

سرگرمیاں

1۔ درست لفظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

نماز، یہودی، عیسائیوں، حضرت محمد ﷺ، برداشت۔

الف۔ رواداری کا لفظی معنیٰ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کرنا اور دوسروں کا لحاظ کرنا ہے۔

ب۔ نجرانکے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے وفد نے اسلام قبول کرنے سے انکار کر دیا۔

ج۔ ”اے ایمان والو! صبر اور ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سے مدد لیا کرو“۔

د۔ کسی نبی کو اتنی تکلیفیں نہیں دی گئیں جتنی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کو دی گئیں۔

ہ۔ حضرت محمد ﷺ عیادت کے لیے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ خادم کے گھر گئے۔

2۔ کالم ملائیں۔

کالم الف	کالم ب
دینِ اسلام میں رواداری سے مراد	کیونکہ اس میں دنیا و اخرت کامیابی ہے۔
صبر و تحمل سے کام لیں	سورۃ البقرہ، آیت نمبر:153 میں ہے۔
صبر اور نماز سے کام لینے کا حکم	جامع ترمذی، حدیث نمبر:2472 ہے۔
حضرت محمد ﷺ کو سب سے زیادہ اذیتیں دینے کا ذکر	دوسروں کے مذہبی عقائد، جذبات اور رسم و رواج کا لحاظ رکھنا اور ان کو برداشت کرنا ہے۔

3۔ درج ذیل میں سے درست جملے کے سامنے ☑ اور غلط کے سامنے ☒ کا نشان لگائیں۔

الف- یہودی کو تھپڑ مارنے والے مسلمان سے حضور ﷺ نے ناراضگی کا اظہار کیا۔ [ ]

ب- ہمیں مشکل حالات میں صبر و تحمل اور رواداری سے کام لینا چاہیے۔ [ ]

ج- غیر مسلم شہری کو ہلاک کرنے والا جنت کی خوشبو سونگھ سکے گا۔ [ ]

د- نماز پڑھتے ہوئے حضور ﷺ پر اوجھری ابوجہل نے ڈالی۔ [ ]

ہ- نبیوں اور رسولوں کو دوسری قوموں نے اذیتیں دیں۔ [ ]